MASTER QUESTION PAPER

**Hall Ticket Number**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

(To be filled by the Candidate)

**PRP1**

**Booklet Number**

Signature of the Candidate

Signature of the Invigilator

## INSTRUCTIONS TO THE CANDIDATE
### (Read the Instructions Carefully Before Answering)

1. Separate Optical Mark Reader (OMR) Answer Sheet is supplied to you along with Question Paper Booklet. Please read and follow the instructions on the OMR Answer Sheet for marking the responses and the required data.
2. Before you start answering on OMR Answer Sheet, the Question Paper Booklet Number should be written in the space provided on OMR sheet and the appropriate circles have to be darkened for the Question Paper Booklet number.

   **Note : If the candidate fails to darken the correct Question Paper Booklet Number or leaves it blank, the OMR Answer Sheet may be liable for rejection/invalid.**
3. Immediately on opening the Question Paper Booklet by tearing off the paper seal please check for (i) Serial Number of the questions (1-100), (ii) The number of pages and (iii) Correct Printing. If any issues arise then kindly inform to the invigilator.
4. Electronic gadgets like Cell Phone, Calculator, Watches and Mathematical/Log Tables are not permitted into the examination hall.
5. Darken the appropriate circles of 1, 2, 3, or 4 in the OMR sheet corresponding to correct or the most appropriate answer to the concerned question number in the sheet. Darkening of more than one circle against any question automatically gets invalidated and treated as wrong.
6. **There will be 1/4 negative mark for every wrong answer.** If the response to the Question is left blank without answering there will be no penalty of negative mark for that question.
7. Rough work should be done only in the space provided in the Question Paper Booklet.
8. Return the OMR Answer Sheet and Question Paper Booklet to the invigilator before leaving the examination hall. Failure to return is liable for criminal action.
9. The Question Paper Booklet is printed in two languages viz. English / Telugu or English / Urdu. In case of any doubt or ambiguity in any question, then the English version is considered to be the correct version.

**امیدواروں کے لیے ہدایات (جواب دینے سے قبل درج ذیل ہدایات بغور پڑھ لیں)**

.1 سوالیہ پرچہ کے کتابچے کے ساتھ علیحدہ آپٹیکل مارک ریڈر (اوایم آر) جوابی بیاض آپ کوفراہم کی گئی ہے۔ براہ کرم جوابات اور مطلوب معلومات کی نشاندہی کے لیے اوایم آر شیٹ پر درج ہدایات کو پڑھ کران کی پابندی کریں۔

.2 اوایم آر جوابی شیٹ پر جواب دینے سے پہلے، سوالیہ پرچہ کا کتابچہ نمبر اوایم آر جوابی شیٹ پر فراہم کردہ جگہ میں لکھیں اور موزوں ترین دائروں کو گہرا کریں۔

نوٹ: اگر امیدوار درست سوالیہ پرچہ کا کتابچہ نمبر کو گہرا کرنے میں ناکام رہتا ہے یا خالی چھوڑ دیتا ہے، تو اوایم آر شیٹ منسوخ / غلط مانی جائے گی اور اس کا ذمہ دار امیدوار ہوگا۔

.3 کاغذی مہر کو پھاڑ کر سوالیہ پرچے کے کتابچے کو کھولنے کے فوراً بعد درج ذیل کی جانچ کرلیں:

(i) سوالات کے سلسلہ نمبر (1-100)، (ii) صفحات کی تعداد اور (iii) درست چھپائی۔ ان امور میں کوئی بھی غلطی یا نقص ہو تو فوری ممتحن کو مطلع کریں۔

.4 الیکٹرانک آلات جیسے سیل فون، کیلکیولیٹر، گھڑیال اور حسابی/ لاگ ٹیبل وغیرہ امتحان ہال میں رکھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

.5 سوالیہ پرچے کے متعلقہ سوال کے لئے اوایم آر شیٹ میں درست یا موزوں ترین جواب والے دائرے 1، 2، 3 یا 4 کو گہرا کردیں۔ کسی بھی سوال کے لیے ایک سے زائد دائرے کو گہرا کرنے سے جواب خود بخود منسوخ ہو جائے گا۔

.6 ہر غلط جواب کے لیے **1/4** منفی نمبر ہوگا۔ اگر سوال کا جواب دیے بغیر جواب چھوڑ دیا جائے تو اس کے لیے کوئی منفی نمبر نہیں ہوگا۔

.7 رف کام سوالیہ پرچے کے کتابچے میں فراہم کردہ جگہ پر ہی کریں۔

.8 اوایم آر جوابی بیاض اور سوالیہ پرچہ کا کتابچہ امتحان ہال چھوڑنے سے قبل ممتحن کے حوالے کردیں۔ عدم واپسی کی صورت میں قانونی کارروائی ہوسکتی ہے۔

.9 سوالیہ پرچے کا کتابچہ دو زبانوں یعنی انگریزی/ تلگو یا انگریزی/ اردو میں طبع کیا گیا ہے۔ کسی شبہ یا ابہام کی صورت میں انگریزی کے نسخے کو درست سمجھا جائے گا۔

**This Booklet consists of 32 Pages for 100 Questions.**

R

**Time : 2 Hours** **Marks : 100**

**وقت: 2 گھنٹے** **نمبر : 100**

**ہدایات: / Instructions**

(i) Each correct answer is awarded with **one** mark. There will be 1/4 negative mark for every wrong answer.

ہر صحیح جواب کے لیے **ایک** نمبر مختص ہے۔ ہر غلط جواب کے لیے 1/4 منفی نمبر ہوگا۔

(ii) Choose the correct or most appropriate answer from the given options to the following questions and darken, with blue/black ball point pen, the corresponding digit **1, 2, 3** or **4** in the circle pertaining to the question number concerned in the OMR Answer sheet, separately supplied to you.

درج ذیل سوالات کے لیے دیے گئے متبادلات میں سے درست یا موزوں ترین جواب کا انتخاب کیجئے اور آپ کو علیحدہ سے فراہم کیے گئے او ایم آر جوابی بیاض میں متعلقہ سوال نمبر کے سامنے موجود ہندسوں **1**، **2**، **3** یا **4** میں سے درست جواب والے دائرے کو نیلے / سیاہ بال پوائنٹ پین سے گہرا کردیں۔

---

**1.** Examine the following statements :

A. On June 29, 2018, the Chief Minister of Telangana laid the foundation stone for Gattu Irrigation Project in Mahbubnagar district.

B. Chanaka-Korata barrage is being built on the Penganga river.

C. The Indian government approved the establishment of UNESCO International Training Centre for Operational Oceanography (ITCOO) at Hyderabad.

The correct statement/s is/are :

(1) A only (2) B and C only (3) A, B and C (4) A and B only

درج ذیل بیانات ملاحظہ کیجیے :

.A 29، جون 2018 کو تلنگانہ کے چیف منسٹر نے ضلع محبوب نگر میں گٹو آب پاشی پروجکٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔

.B چاناکا-کوراٹا بیریج پین گنگا دریا پر تعمیر کیا گیا ہے۔

.C حکومت ہند نے حیدرآباد میں یونیسکو کے انٹرنیشنل ٹریننگ سنٹر فار آپریشنل اوشینو گرافی (ITCOO) کے قیام کی منظوری دی ہے۔

درست جواب ہے :

(1) صرف A (2) صرف B اور C (3) A، B اور C (4) صرف A اور B

**2.** The verdict on Hyderabad twin blasts (Gokul Chat and Lumbini Park) case was announced by the court in August 2018. How many years later the verdict was delivered ?

(1) 8 years (2) 9 years

(3) 11 years (4) 13 years

حیدرآباد کے جڑواں دھماکوں (گوکل چاٹ اور لمبنی پارک) کے مقدمے کا فیصلہ عدالت کی جانب سے اگسٹ 2018 میں دیا گیا۔ یہ فیصلہ کتنے برسوں کے بعد دیا گیا۔

(1) 8 سال (2) 9 سال

(3) 11 سال (4) 13 سال

**3.** Examine the following in relation to Dr. G. Satheesh Reddy :

A. He is the new Chairman of DRDO.
B. He made significant contributions to the development of indegenous missiles.
C. He had done his studies from IIT-Kharagpur.
D. He is the winner of Homi J. Bhabha Memorial Gold Medal of Indian Science Congress Association.

Select the correct answer :

(1) A & B only (2) A, B and C only (3) B, C and D only (4) A, B, & D only

ڈاکٹر جی۔ ستیش ریڈی سے متعلق درج ذیل بیانات ملاحظہ کیجیے :

A. وہ ڈی آر ڈی او (DRDO) کے نئے چیئرمین ہیں۔
B. دیسی مزائیلوں کی تیاری میں انہوں نے اہم خدمات انجام دی ہیں۔
C. انہوں نے آئی آئی ٹی۔ کھڑک پور میں تعلیم حاصل کی۔
D. انہوں نے انڈین سائنس کانگریس کا ہومی جے۔ بھابھا یادگار گولڈ میڈل حاصل کیا۔

درست جواب کی نشاندہی کیجیے :

(1) صرف A اور B (2) صرف A، B اور C (3) صرف B، C اور D (4) صرف A، B اور D

**4.** Akshay Kumar's 'Gold' is the first Bollywood film screened in Saudi Arabia. What is the theme of the film ?

(1) The movie deals with victory of Indian hockey team in 1948 Olympic Games.
(2) It deals with the life of Milkha Singh.
(3) It deals with Indian cricket team winning the 1983 World Cup.
(4) It deals with Indian shooters victory in Olympic Games.

اکشے کمار کی فلم 'گولڈ' سعودی عرب میں نمائش کی جانے والی پہلی بالی ووڈ فلم ہے۔اس فلم کا موضوع کیا ہے؟

(1) یہ فلم 1948 کے اولمپک کھیلوں میں ہندوستانی ہاکی ٹیم کی کامیابی سے متعلق ہے۔
(2) یہ ملکھا سنگھ کی زندگی سے متعلق ہے۔
(3) اس فلم کا تعلق ہندوستانی کرکٹ ٹیم کی 1983 کے ورلڈ کپ میں جیت سے ہے۔
(4) یہ اولمپک کھیلوں میں ہندوستانی نشانہ بازوں کی کامیابی سے متعلق ہے۔

**5.** Examine the following statements :

i. Government of India approved 2017 as the 'National Year of Millets'.
ii. In the Pre-Green Revolution era, in 1965-66, millets were cultivated in about 36.90 million hectares and in 2016-17 the area declined to about 14.72 million hectares.
iii. In India, millets are mostly cultivated in low fertile land, mountainous, tribal and rain-fed areas.

The correct statements are :

(1) i and iii only (2) i and ii only (3) ii and iii only (4) i, ii and iii

درج ذیل بیانات ملاحظہ کیجیے :

i. حکومت ہند نے سال 2017 کو 'قومی سال برائے باجرہ' قرار دیا ہے۔
ii. سبز انقلاب سے پہلے کے دور میں 66-1965 کے دوران 36.90 ملین ہیکٹر پر باجرے کی کاشت کی جاتی تھی اور 17-2016 میں یہ رقبہ گھٹ کر 14.72 ملین ہیکٹر ہو گیا۔
iii. ہندستان میں باجرے کی کاشت زیادہ تر کم زرخیز زمین، پہاڑی، قبائلی اور برسات سے سیراب ہونے والے علاقوں میں کی جاتی ہے۔

درست بیانات ہیں :

(1) صرف i اور iii (2) صرف i اور ii (3) صرف ii اور iii (4) i، ii اور iii

MASTER QUESTION PAPER

**6.** Match the following Governors with the respective states :

| | **Governor** | | **State** |
|---|---|---|---|
| A. | Banwarilal Purohit | i. | Bihar |
| B. | Satya Pal Malik | ii. | Tamil Nadu |
| C. | Lalji Tandon | iii. | Jharkhand |
| D. | Draupadi Murmu | iv. | Jammu & Kashmir |

درج ذیل گورنروں کو ان کی متعلقہ ریاستوں کے ساتھ جوڑیے:

| | **گورنر** | | **ریاست** |
|---|---|---|---|
| .A | بنواری لعل پروہت | .i | بہار |
| .B | ستیہ پال ملک | .ii | ٹمل ناڈو |
| .C | لال جی ٹنڈن | .iii | جھارکھنڈ |
| .D | دروپدی مرمو | .iv | جموں وکشمیر |

The correct pairs are / درست جوڑے ہے:

(1) A – iv B – iii C – ii D – i
(2) A – ii B – iv C – i D – iii
(3) A – ii B – iii C – i D – iv
(4) A – iii B – ii C – iv D – i

**7.** Match the following :

| | **International Index (Year)** | | **India's Rank out of Total Countries** |
|---|---|---|---|
| A. | Global Gender Gap Report (2017) | 1. | 138 / 180 |
| B. | Per capita GDP (2017-18) | 2. | 133 / 155 |
| C. | Press Freedom Index (2018) | 3. | 139 / 187 |
| | | 4. | 108 / 144 |

جوڑ ملائیے:

| | **بین الاقوامی اشاریہ (سال)** | | **تمام ممالک میں ہندوستان کا مقام** |
|---|---|---|---|
| .A | عالمی صنفی فرق رپورٹ (2017) | .1 | 138/180 |
| .B | فی کس مجموعی گھریلو پیداوار (2017-18) | .2 | 133/155 |
| .C | صحافتی آزادی اشاریہ (2018) | .3 | 139/187 |
| | | .4 | 108 / 144 |

The correct pairs are :

درست جوڑ ہے:

(1) A-4, B-2, C-1
(2) A-4, B-3, C-1
(3) A-3, B-2, C-4
(4) A-2, B-1, C-4

**8.** Examine the following in relation to the Most Valuable Player (MVP) of Asian Games – 2018 :

A. Japanese swimmer Rikako Ikee won this title.
B. Rikako Ikee won eight gold medals beating North Korean So Gin-man.
C. Rikako Ikee is the first woman to get the title of MVP at Asian Games.
D. Asian Games – 2018 were held at Shanghai in China.

Select the correct answer :

(1) A & B only (2) C & D only
(3) A & C only (4) A, B and C only

ایشیائی کھیل-2018 کے سب سے قیمتی کھلاڑی (MVP) سے متعلق درج ذیل بیانات ملاحظہ کیجیے :

A. جاپان کے تیراک رِکا کو آئی کی نے یہ خطاب جیتا۔
B. رِکا کو آئی کی نے شمالی کوریا کے سوجن مین کو ہرا کر آٹھ طلائی تمغے جیتے۔
C. رِکا کو آئی کی ایشیائی کھیلوں میں MVP خطاب جیتنے والی پہلی خاتون کھلاڑی ہیں۔
D. ایشیائی کھیل-2018 چین کے شہر شنگھائی میں منعقد ہوئے۔

درست جواب کی نشان دہی کیجیے :

(1) صرف A اور B (2) صرف C اور D
(3) صرف A اور C (4) صرف A، B اور C

**9.** Which of the following countries remained the top source of Foreign Direct Investment (FDI) into India in 2017-18 ?

(1) Mauritius and America (2) Japan and Singapore
(3) England and Germany (4) Mauritius and Singapore

درج ذیل میں سے کون سے ممالک 2017-18 کے دوران بھی ہندوستان میں راست بیرونی سرمایہ کاری کا سب سے اہم ذریعہ رہے؟

(1) ماریشس اور امریکہ (2) جاپان اور سنگاپور
(3) برطانیہ اور جرمنی (4) ماریشس اور سنگاپور

**10.** What is the theme for the First SAARC Agri Cooperative Business Forum held at Kathmandu ?

(1) Build consensus among companies and farmers.
(2) Organising and strengthening family farmer's cooperatives to attain the sustainable Development Goals -1 and 2 in South Asia.
(3) Provide free fertilizers and seeds to the farmers.
(4) Prevent farmer suicides.

کھٹمنڈو میں منعقد ہونے والے پہلے سارک زرعی کوآپریٹیو تجارتی فورم کا موضوع کیا تھا؟

(1) کمپنیوں اور کسانوں کے درمیان اتفاق رائے پیدا کرنا۔
(2) جنوبی ایشیا میں مستحکم ترقی کے اہداف-1 اور 2 کے حصول کے لیے خاندانی کسانوں کے کوآپریٹیو انجمنوں کو منظم اور مستحکم کرنا۔
(3) کسانوں کو مفت کھاد اور تخم فراہم کرنا۔
(4) کسانوں کی خودکشی کو روکنا۔

**11.** Which of the following was held immediately after the end of First World War ?
(1) Yalta Conference (2) Washington Naval Conference
(3) Potsdam Conference (4) Paris Peace Conference

پہلی عالمی جنگ کے فوری بعد درج ذیل میں سے کس کا انعقاد ہوا؟
(1) یالٹا کانفرنس (2) واشنگٹن بحری کانفرنس
(3) پوٹس ڈیم کانفرنس (4) پیرس امن کانفرنس

**12.** Nomadic Elephant-2018 is a joint military exercise between :
(1) India and America (2) Russia and China
(3) China and Pakistan (4) India and Mongolia

خانہ بدوش ہاتھی-2018 کن ممالک کے درمیان ہونے والی مشترکہ فوجی مشقیں ہیں؟
(1) ہندوستان اور امریکہ (2) روس اور چین
(3) چین اور پاکستان (4) ہندوستان اور منگولیا

**13.** Shimla Agreement between India and Pakistan was signed by :
(1) Jawaharlal Nehru and Liyaquat Ali Khan
(2) Lalbahadur Shastri and Zulfikar Ali Bhutto
(3) Indira Gandhi and Zulfikar Ali Bhutto
(4) Indira Gandhi and Zia-ul-haq

ہندوستان اور پاکستان کے درمیان ہونے والے شملہ معاہدے پر دستخط کرنے والے
(1) جواہر لعل نہرو اور لیاقت علی خان (2) لعل بہادر شاستری اور ذوالفقار علی بھٹو
(3) اندرا گاندھی اور ذوالفقار علی بھٹو (4) اندرا گاندھی اور ضیاء الحق

**14.** Which one of the following is a disputed area between Nepal and India ?
(1) Kardungla Pass (2) Kalapani (3) Kanchanjunga (4) Doklam

درج ذیل میں سے کون سا علاقہ ہندستان اور نیپال کے درمیان متنازعہ ہے؟
(1) کرڈونگلا پاس (2) کالا پانی (3) کنچن جنگا (4) ڈوکلام

**15.** Consider the following statements with regard to Neemrana Dialogue :
i. It's a dialogue between India and Pakistan.
ii. It's a dialogue between India and China.
iii. It's part of Track II Diplomacy
iv. The Indian Delegation was headed by Ajit Doval.
Choose the correct answer :
(1) i, iii & iv (2) ii & iii (3) iii & iv (4) i & iii

نیم رانا بات چیت کے حوالے سے درج ذیل بیانات ملاحظہ کیجیے :
i. یہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان ہونے والی بات چیت ہے۔
ii. یہ ہندوستان اور چین کے درمیان ہونے والی بات چیت ہے۔
iii. یہ ٹریک II ڈپلومیسی کا ایک حصہ ہے۔
iv. اس میں ہندوستانی وفد کی قیادت اجیت دووَل نے کی۔
درست جواب کی نشان دہی کیجیے :
(1) i، iii اور iv (2) ii اور iii (3) iii اور iv (4) i اور iii

**16.** Which of the following low density particles are present in space ?

i. Neutrinos ii. Dust iii. Plasma of Hydrogen iv. Plasma of Helium

**Options :**

(1) iii and iv only (2) i and ii only (3) i, ii and iii only (4) i, ii, iii and iv

درج ذیل کم کثافت والے ذرات میں سے کون خلا میں پائے جاتے ہیں؟

.i نیوٹرینوس .ii دھول .iii ہائیڈروجن کا پلازما .iv ہیلیم کا پلازما

**درست جواب ہے:**

(1) صرف iii اور iv (2) صرف i اور ii (3) صرف i، ii اور iii (4) i، ii، iii اور iv

**17.** Which of the following is NOT a member of the Vitamin-B complex ?

(1) Riboflavin (2) Folic Acid (3) Ascorbic Acid (4) Thiamine

درج ذیل میں سے کون ساوٹامن بی کمپلکس کا رکن نہیں ہے؟

(1) ریبوفلاوین (2) فولک ایسڈ (3) ایسکاربک ایسڈ (4) تھیامائین

**18.** The computer scientist, who is known as the founding father of 'Artificial Intelligence'

(1) John McCarthy (2) Charles Babbage

(3) Lee De Forest (4) J.P. Eckert

'مصنوعی ذہانت' کے موجد کی حیثیت سے معروف کمپیوٹر سائنسداں کا نام:

(1) جان میک کارتھی (2) چارلس بابیج (3) لی ڈی فارسٹ (4) جے۔پی۔ایکرٹ

**19.** Match the List-I with List-II and select the correct answer.

| **List – I (Scientist)** | | **List – II (Area)** | |
|---|---|---|---|
| A. | Alan Turing | i. | Physics |
| B. | Antoine Lavoisier | ii. | Genetics |
| C. | Issac Newton | iii. | Chemistry |
| D. | Gregor Mendel | iv. | Computer |

فہرست Iاور IIکو جوڑیے اور درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| **فہرست-I (سائنسداں)** | | **فہرست-II (میدان)** | |
|---|---|---|---|
| .A | ایلن ٹیورنگ | .i | طبیعات |
| .B | انٹونی لاویزیر | .ii | حسنیات |
| .C | اسحاق نیوٹن | .iii | کیمیاء |
| .D | جارج مینڈل | .iv | کمپیوٹر |

**Options/درست جواب ہے:**

| | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|
| (1) | iv | ii | iii | i |
| (2) | iv | i | iii | ii |
| (3) | iv | iii | i | ii |
| (4) | iii | iv | i | ii |

**20.** The movement of plant part in response to gravity is called

(1) Phototropism (2) Hydrotropism (3) Geotropism (4) Magnetotropism

کشش ثقل کے رد عمل میں پودے کے حصے کی حرکت کیا کہلاتی ہے؟

(1) فوٹوٹروپزم (2) ہائیڈروٹروپزم (3) جیوٹروپزم (4) میگنٹوٹروپزم

**21.** Which of the following is <u>not</u> an artificial sweetener ?

(1) Aspartame (2) Sucralose (3) Ranitidine (4) Alitame

درج ذیل میں سے کون سی مصنوعی مٹھاس نہیں ہے؟

(1) ایسپارٹیم (2) سکرالوز (3) رینی ٹی ڈائین (4) ایلی ٹیم

**22.** Match List-I with List-II and select the correct answer :

| | **List – I** | | **List – II** |
|---|---|---|---|
| a. | Soot | 1. | Condensation of gaseous particles |
| b. | Haze | 2. | Suspension of liquid droplets that formed after the condensation of vapours |
| c. | Mist | 3. | Caused by very fine dust in atmosphere |
| d. | Fumes | 4. | Big size carbon particles impregnated with tar, suspended into the air |

فہرست-I اور فہرست-II کو جوڑیے اور درست جواب کا انتخاب کریں:

| **فہرست-I** | | **فہرست-II** | |
|---|---|---|---|
| .a | کالک | .1 | گیسی دار ذرات کی کثافت |
| .b | دھند | .2 | بخارات کی تکثیف کے بعد تشکیل پانے والے مائع قطروں کا فضا میں جمع ہونا |
| .c | کہر | .3 | فضا میں لطیف دھول کی وجہ سے |
| .d | بودار دھواں | .4 | تار کول سے بھرے ہوئے بڑے کاربن ذرات کا ہوا میں جمع ہو جانا |

درست جواب ہے/The correct answer is :

| | a | b | c | d |
|---|---|---|---|---|
| (1) | 4 | 3 | 2 | 1 |
| (2) | 3 | 4 | 1 | 2 |
| (3) | 4 | 2 | 1 | 3 |
| (4) | 4 | 1 | 3 | 2 |

**23.** Which one of the following is NOT true regarding Western Ghats Biodiversity Hotspot ?

(1) The Western Ghats region is spread into 9 states.

(2) It is one of the richest centres of endemism.

(3) Lion tailed Macaque & Malabar Gray Hornbill is a rare fauna.

(4) The Western Ghats Ecology expert panel was headed by Madhav Gadgil.

مغربی گھاٹوں کے حیاتی تنوع مرکز سے متعلق درج ذیل میں سے کون سا بیان درست نہیں ہے؟

(1) مغربی گھاٹ کا علاقہ 9 ریاستوں میں پھیلا ہوا ہے۔

(2) یہ قدرتی انواع سے مالا مال مراکز میں سے ایک ہے۔

(3) ببر کی دم والے بندر اور مالا باری بھورا ہارن بل (پرندہ) یہاں کے نایاب حیوانات ہیں۔

(4) مغربی گھاٹ کی ماحولیات کے ماہرانہ پینل کی قیادت مادھو گاڈگل کرتے ہیں۔

**24.** Arrange the following international initiatives towards sustainable development in a sequential order (chronological) and select correct answer using the code given below :

a. The Brundtland Commission
b. Stockholm Conference
c. UN Decade of Education for Sustainable Development
d. Rio+20 or Rio Earth Summit

قابل بقا ترقی کے لیے کیے جانے والے درج ذیل بین الاقوامی اقدامات کو تاریخی لحاظ سے ترتیب دیجیے اور نیچے دیے گئے کوڈ کا استعمال کرکے درست جواب کی نشاندہی کریں:

.a برنٹ لینڈ کمیشن
.b اسٹاک ہوم کانفرنس
.c قابل بقا ترقی کے لیے اقوام متحدہ کا عشرہ برائے تعلیم
.d رِیو 20+ یا ریو ارتھ سمیّٹ

**Code/کوڈ:**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| d | c | a | b | (1) |
| a | d | c | b | (2) |
| d | b | a | c | (3) |
| c | a | d | b | (4) |

**25.** The National Disaster Response Force (NDRF) is the responsibility of the Ministry of

(1) Health
(2) Environment, Forests & Climate Change
(3) Science & Technology
(4) Home Affairs

نیشنل ڈیساسٹر ریسپانس فورس (NDRF) کس وزارت کی ذمہ داری ہے؟

(1) صحت
(2) ماحولیات، جنگلات اور موسمی تبدیلی
(3) سائنس و ٹکنالوجی
(4) امور داخلہ

**26.** With respect to 'Sustainable development' which amongst the following statements is false ?

(1) It makes the world a better place to thrive.
(2) It emphasizes on judicious use of natural resources.
(3) It advocates expansion of agriculture.
(4) It advocates the concept of 'reduce, reuse & recycle'.

'قابل بقا ترقی' کے حوالے سے درج ذیل میں سے کون سا بیان غلط ہے؟

(1) یہ دنیا کو پھلنے پھولنے کی بہتر جگہ بنائے گی۔
(2) یہ قدرتی وسائل کے منصفانہ استعمال پر زور دیتی ہے۔
(3) یہ زراعت کی توسیع کی وکالت کرتی ہے۔
(4) یہ 'کم کرنے، دوبارہ استعمال کرنے اور دوبارہ کارآمد بنانے' کے تصور کی وکالت کرتی ہے۔

**27.** The concept of utilising plants and flowers to clean the polluted soil is called

(1) Bio-diversion
(2) Bio-flocculation
(3) Bio-filtration
(4) Phyto-Remediation

آلودہ زمین کو صاف کرنے کے لیے پودوں اور پھولوں کے استعمال کے نظریے کو ______ کہا جاتا ہے۔

(1) حیاتی تحویل (بائیوڈائیورشن)
(2) حیاتی رسوب کاری (بائیو فلاکیولیشن)
(3) حیاتی تقطیر (بائیو فلٹریشن)
(4) نباتاتی علاج

**28.** Teak, Sal, Sandalwood are important species of

(1) Tropical Thorn Forests (2) Montane forests

(3) Tropical Evergreen forests (4) Tropical Deciduous Forests

ساگوان، سال اور صندل کی لکڑی ______ کی اہم انواع ہیں۔

(1) استوائی کانٹے دار جنگلات (2) کوہستانی جنگلات

(3) استوائی سدابہار جنگلات (4) استوائی پت جھڑی جنگلات

**29.** Bhakra-Nangal Project is a joint venture of States which include

a. Punjab b. Haryana c. Rajasthan d. Uttar Pradesh

The correct codes are :

(1) a, b & d only (2) a, c & d only (3) a, b & c only (4) b, c & d only)

بھاکڑا ننگل پراجکٹ مختلف ریاستوں کا مشترکہ منصوبہ ہے جن میں درج ذیل ریاستیں شامل ہیں:

a. پنجاب b. ہریانہ c. راجستھان d. اتر پردیش

درست جواب ہے:

(1) صرف a، b اور d (2) صرف a، c اور d (3) صرف a، b اور c (4) صرف b، c اور d

**30.** Lakhnavaram lake is situated in which district ?

(1) Warangal Rural (2) Jaishanker Bhupalapally

(3) Nirmal (4) Bhadradri

لکھناورم جھیل کس ضلع میں واقع ہے؟

(1) ورنگل رورل (2) جے شنکر بھوپال پلی (3) نرمل (4) بھدرادری

**31.** Which one of the following district is NOT part of Northern Telangana Agro-Climatic zone ?

(1) Nirmal (2) Siddipet (3) Nizamabad (4) Rajanna-Sircilla

درج ذیل میں سے کون سا ضلع شمالی تلنگانہ کے زرعی موسمی خطے کا حصہ نہیں ہے؟

(1) نرمل (2) سدی پیٹ (3) نظام آباد (4) راجنا-سرسلہ

**32.** Which of the following statements are correct about the 'National Institution for Transforming India (NITI) Aayog' :

A. NITI Aayog was established by the government of India as a replacement for the Planning Commission.

B. It provides critical, directional, strategical and technical inputs to the development process and advice to the central and state governments.

C. It creates a knowledge, innovation and entrepreneurial support through collaborations.

D. The Vice-Chairman of the NITI-Aayog is Arvind Panagaria.

The correct answer is :

(1) A, B and C only (2) B, C and D only (3) A and B only (4) A and D only

درج ذیل میں سے کون سے بیان نیشنل انسٹی ٹیوشن فار ٹرانسفارمنگ انڈیا (نیتی NITI) آیوگ سے متعلق درست ہیں؟

A. نیتی آیوگ کا قیام حکومت ہند کی جانب سے منصوبہ بندی کمیشن کے متبادل کے طور پر کیا گیا۔

B. یہ ترقیاتی عمل کے لیے اہم، ہدایتی، حکمت عملی سے متعلق اور تکنیکی معلومات فراہم کرتا ہے اور مرکزی و ریاستی حکومتوں کو مشورے دیتا ہے۔

C. یہ اشتراک کے ذریعہ علمی، اختراعی اور انتظامی تعاون تشکیل دیتا ہے۔

D. نیتی آیوگ کے نائب صدر نشین اروند پناگاریا ہیں۔

درست جواب ہے:

(1) صرف A، B اور C (2) صرف B، C اور D (3) صرف A اور B (4) صرف A اور D

**33.** Which of the following statements are correct about the 'Kishori Shakti Yojana' ?

A. The target group of the yojana is the adolescent girls in the age group of 10 to 18 years.

B. The yojana is viewed as a holistic initiative for the development of adolescent girls.

C. One of the objectives of the yojana is to link them to opportunities for learning life skills, going back to school and take initiatives to become productive members of the society.

The correct answer is :

(1) A & D only
(2) B & C only
(3) B, C & D only
(4) A, B & C only

'کشوری شکتی یوجنا' سے متعلق درج ذیل میں سے کون سے بیان صحیح ہیں؟

A. اس اسکیم کا ہدف گروپ 10 سے 18 سال عمر والی نو عمر لڑکیاں ہیں۔

B. اس اسکیم کو نو عمر لڑکیوں کی نشو و نما کے لیے ایک ہمہ جہتی اقدام کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔

C. اس اسکیم کا ایک مقصد انہیں زندگی کی مہارتوں کے اکتساب کے مواقع سے جوڑنا، ان کی دوبارہ اسکول سے وابستگی اور سماج کے مفید ارکان بننے کے لیے اقدامات کرنا ہے۔

درست جواب ہے:

(1) صرف A اور D
(2) صرف B اور C
(3) صرف B، C اور D
(4) صرف A، B اور C

**34.** Examine the following statements on National Highways in Telangana :

A. There are 17 National Highways in the state.

B. The National Highways cover a length of 3,862 kms (nearly) crisscrossing the state.

C. The density of notified National Highways in Telangana is 3.44 km/100 sq. kms against the national average of 3.02 km per 100 sq. kms.

Choose the incorrect statement/s :

(1) A and B only
(2) B and C only
(3) A only
(4) A and C only

تلنگانہ میں قومی شاہراہوں سے متعلق درج ذیل بیانات ملاحظہ کیجیے:

A. ریاست میں 17 قومی شاہراہیں ہیں۔

B. ریاست سے گزرنے والی قومی شاہراہیں تقریباً 3,862 کلو میٹر لمبائی کا احاطہ کرتی ہیں۔

C. تلنگانہ کی معروف قومی شاہراہوں کی گنجائیت قومی اوسط 3.02 کلو میٹر فی 100 مربع کلو میٹر کے بالمقابل 3.44 کلو میٹر فی 100 مربع کلو میٹر ہے۔

درست جواب کی نشاندہی کیجیے:

(1) صرف A اور B
(2) صرف B اور C
(3) صرف A
(4) صرف A اور C

**35.** Which of the following provisions of the Indian Constitution came into force from November 26, 1949 ?

I. Provisions relating to citizenship
II. Provisions relating to elections
III. Provisions relating to provisional Parliament
IV. Fundamental Rights

(1) I and III (2) I, III and IV (3) I, II and III (4) None of these

دستور ہند کے درج ذیل ضوابط میں سے کون سے ضوابط کا نفاذ 26 نومبر 1949 سے ہوا؟

I. شہریت سے متعلق ضوابط
II. انتخابات سے متعلق ضوابط
III. عبوری پارلیمان سے متعلق ضوابط
IV. بنیادی حقوق

درست جواب کا انتخاب کیجیے :

(1) I اور III (2) I، III اور IV (3) I، II اور III (4) ان میں سے کوئی نہیں

**36.** Match the following :

| **Committees of Constituent Assembly** | **Chairman** |
|---|---|
| A. Union Constitution Committee | 1. Dr. B.R. Ambedkar |
| B. Working Committee | 2. Jawaharlal Nehru |
| C. Drafting Committee | 3. Kanhaiyalal Munshi |
| D. Advisory Committee on Fundamental & Minority Rights and Tribal & Excluded Areas | 4. Vallabhbhai Patel |

جوڑ ملایئے :

| **دستور ساز اسمبلی کی کمیٹیاں** | **صدر نشین** |
|---|---|
| A. مرکزی دستور کمیٹی | 1. ڈاکٹر بی۔آر۔امبیڈکر |
| B. ورکنگ کمیٹی | 2. جواہر لعل نہرو |
| C. مسودہ ساز کمیٹی | 3. کنہیالال منشی |
| D. بنیادی اور اقلیتوں کے حقوق اور قبائلی و پچھڑے علاقوں سے متعلق مشاورتی کمیٹی | 4. سردار ولبھ بھائی پٹیل |

Choose the correct pairs/answer/درست جوڑ/جواب کی نشان دہی کیجیے :

| | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|
| (1) | 2 | 3 | 1 | 4 |
| (2) | 3 | 2 | 1 | 4 |
| (3) | 4 | 2 | 3 | 1 |
| (4) | 4 | 3 | 1 | 2 |

**37.** Which of the following is specifically NOT mentioned in Article 19 of the Constitution ?

(1) Freedom of press
(2) Freedom to move freely
(3) Freedom to assemble peacefully without arms
(4) Freedom of speech and expression

درج ذیل میں سے کس چیز کا دستور کی دفعہ 19 میں خصوصی تذکرہ نہیں ہے؟

(1) صحافت کی آزادی
(2) آزادانہ نقل و حرکت کی آزادی
(3) ہتھیاروں کے بغیر پرامن اجتماع کی آزادی
(4) تقریر اور اظہار خیال کی آزادی

**38.** Which of the following is/are included in the Directive Principles of State Policy ?
(a) Prohibition of Traffic in human beings and forced labour.
(b) Prohibition of consumption except for medical purposes of intoxicating drinks and of other drugs which are injurious to health.
(c) Equality of Opportunity for all
(1) (a) only (2) (b) only (3) Both (b) and (c) (4) All of these

درج ذیل میں سے کون سے امور ریاستی پالیسی کے رہنمایانہ اصولوں میں شامل ہیں ؟
(a) انسانوں کی خرید و فروخت اور جبری مزدوری پر پابندی۔
(b) طبّی اغراض کے سوا دیگر مقاصد کے لیے نشہ آور مشروبات اور صحت کے لیے نقصان دہ دیگر نشہ آور ادویات کے استعمال پر پابندی۔
(c) سب کے لیے مساوی مواقع
درست جواب کی نشاندہی کیجیے :
(1) صرف (a) (2) صرف (b) (3) (b)اور (c) (4) ان میں سے سارے

**39.** Which of the following conditions are necessary for the issue of writ of 'Quo Warranto' ?
(a) The office must be public and must be created by a statute or by the Constitution itself.
(b) The office must be substantive and not merely the function or employment of the servant at the will and during the pleasure of another.
(c) There has been contravention of the Constitution or a statutory instrument in appointing such person to the office.
(1) (a), (b) and (c) (2) (b) and (c) only (3) (a) and (c) only (4) (a) and (b) only

طلب سند (کووارنٹو) عدالتی حکمنامہ جاری کرنے کے لیے درج ذیل میں سے کون سے حالات کا ہونا لازمی ہے ؟
(a) عہدہ لازمی طور پر سرکاری ہو اور کسی ضابطہ قانونی یا خود دستور کے ذریعہ تخلیق شدہ ہو۔
(b) عہدے کی نوعیت اساسی ہو اور اس کا کام اور ملازمت کسی دوسرے کی خوشی یا مرضی پر منحصر نہ ہوں۔
(c) اس عہدے پر فرد کے تقرر میں دستور یا قانونی ضوابط کی خلاف ورزی ہوئی ہو۔
درست جواب ہے :
(1) (a)، (b) اور (c) (2) صرف (b)اور (c) (3) صرف (a)اور (c) (4) صرف (a)اور (b)

**40.** Among the following statements, which one is <u>not</u> correct ?
(1) Supreme Court was constituted in 1950.
(2) Supreme Court is the highest court of appeal in the country.
(3) Supreme Court can hear from any court/tribunals as well as from court-martial.
(4) Supreme Court can hear from any court/tribunals except court-martial.

درج ذیل بیانات میں سے کون سا صحیح نہیں ہے ؟
(1) سپریم کورٹ کی تشکیل 1950 میں ہوئی۔
(2) سپریم کورٹ ملک میں عرضی پیش کی جانے والی سب سے اعلیٰ عدالت ہے۔
(3) سپریم کورٹ کسی بھی عدالت /ٹریبونل اور کورٹ مارشل کے مقدموں کی سماعت کر سکتی ہے۔
(4) سپریم کورٹ، کورٹ مارشل کے سوا کسی بھی عدالت /ٹریبونل کے مقدمات کی سماعت کر سکتی ہے۔

MASTER QUESTION PAPER

**41.** Which one of the following Acts formally introduced the principles of elections for the first time in India ?

(1) The Indian Councils Act, 1909 (2) The Government of India Act, 1919
(3) The Government of India Act, 1935 (4) The Indian Independence Act, 1947

درج ذیل کے کس ایکٹ سے ہندوستان میں پہلی بار انتخابات کے اصولوں کا باضابطہ آغاز ہوا؟

(1) انڈین کونسلس ایکٹ 1909 (2) گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ 1919
(3) گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ 1935 (4) انڈین انڈی پنڈنس ایکٹ 1947

**42.** The value of a vote of a member of Parliament for the election of the President is determined by dividing the

(1) Value of votes of members of all the states legislative assemblies by the elected members of the Houses of the Parliament.
(2) Nation's population as per latest Census by the total strength of the two Houses of the Parliament.
(3) Nation's population as per the latest Census by the members of Lok Sabha.
(4) Nation's population as per the latest Census by the total members of Rajya Sabha.

صدر کے انتخاب کے لیے رکن پارلیمان کے ووٹ کی قدر کا تعین درج ذیل میں سے کس کی تقسیم کے ذریعہ کیا جاتا ہے؟

(1) تمام ریاستوں کی قانون ساز اسمبلیوں کے ارکان کے ووٹوں کی قدر کو پارلیمنٹ کے ایوانوں کے منتخب ارکان سے۔
(2) تازہ ترین مردم شماری کے مطابق ملک کی آبادی کو پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کل تعداد سے۔
(3) تازہ ترین مردم شماری کے مطابق ملک کی آبادی کو لوک سبھا کے ارکان کی تعداد سے۔
(4) تازہ ترین مردم شماری کے مطابق ملک کی آبادی کو راجیہ سبھا کے کل ارکان کی تعداد سے۔

**43.** The Contingency Fund of the State is operated by whom ?

(1) President (2) Governor (3) Chief Minister (4) Council of Ministers

ریاست کا متفرق فنڈ کس کے ذریعہ صرف کیا جاتا ہے؟

(1) صدر (2) گورنر (3) وزیر اعلیٰ (4) مجلس وزراء

**44.** A judge of the Supreme Court can be removed from the position only on the grounds of

(1) Imbecile conduct (2) Proved misbehaviour or incapacity
(3) Senility (4) Gross inefficiency

سپریم کورٹ کے کسی جج کو درج ذیل بنیادوں پر ہی اس کے عہدے سے برطرف کیا جاسکتا ہے:

(1) احمقانہ طرز عمل (2) غلط طرز عمل یا نااہلیت ثابت ہونا
(3) سٹھیا جانا (4) مجموعی عدم استعداد

**45.** The idea of Lokpal is taken from

(1) Scandinavian Countries (2) UK
(3) USA (4) France

لوک پال کا تصور ________ سے لیا گیا ہے۔

(1) اسکینڈی نیویائی ممالک (2) برطانیہ
(3) ریاست ہائے متحدہ امریکہ (4) فرانس

**46.** Regarding Equality Before Law, the Indian Constitution makes exceptions in the case of

(1) President only (2) President or Governor of a State
(3) Foreign citizens only (4) President and Foreign citizens only

دستور ہند، 'قانون کی نظر میں مساوات' کے ضابطہ میں درج ذیل کو استثنا فراہم کرتا ہے:

(1) صرف صدر جمہوریہ (2) صدر یا کسی ریاست کا گورنر
(3) صرف بیرونی شہریوں (4) صدر جمہوریہ اور بیرونی شہریوں

MASTER QUESTION PAPER

**47.** Arrange the following events in chronological order :

A. The Battle of Plassey
B. The Third Battle of Panipat
C. The Third Anglo-Maratha War
D. The Third Anglo-Mysore War

درج ذیل واقعات کو تاریخی لحاظ سے ترتیب دیجیے :

A. جنگ پلاسی
B. پانی پت کی تیسری جنگ
C. تیسری انگریز مراٹھا جنگ
D. تیسری انگریز میسور جنگ

The correct answer is/درست جواب ہے :

(1) A, B, C, D
(2) B, C, D, A
(3) C, A, B, D
(4) A, B, D, C

**48.** Match the following :

A. Poona Sarvajanik Sabha — i. Veeraraghava Chary
B. Indian Association — ii. Pherozshah Mehta
C. Madras Mahajana Sabha — iii. M.G. Ranade
